01/04/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں بصارت گل

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموںوکشمیر کی تہذیب اور روحانی ورثہ سب کےلئے ایک تابناک مستقبل یقینی بنانے میں اہم کر دار ادا کرے گا۔ جموں میں شری کیلاش جیوتِش اور ویدک سنستھان ٹرسٹ کے اہتمام سے منعقدہ جموں وکشمیر کلچرل فیسٹول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر تے ہوئے لیفٹنٹ گورنر نے کہا کہ یہ فیسٹول تاریخی ورثے، لوک فن اور روحانی بنیادوں اورروایات کو محفوظ رکھنے اور ہماری شناخت کو مضبوط بنانے میں اہم کر دار ادا کرے گا۔ انہوںنے کہا کہ اُبھرتے بھارت کی ذمہ داری ہے کہ علمی معیشت کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ اختراعات، ثقافتی اقدار اور فلسفانہ فکر کو عالمی سطح پر عام کیا جائے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ سرکاری محکموں مینخالی اسامیاں مقررہ مدت میں اور شفاف طریقے سے پُر کی جائیں گی۔ MLA پلوامہ وحید الرحمان پرہ کے ایک سوال کے جواب میں وزیر اعلیٰ نے کل اسمبلی میں کہا ہے کہ ان معاملات کے حوالے سے کسی بھی جلد بازی کا خمیازہ بے روزگار نوجوانوں کو اُٹھانا پڑتا ہے اس لئے سرکار تمام لوازمات کا خیال رکھتے ہوئے ان اسامیوں کو پُر کرے گی۔

اس سے پہلے اسمبلی ممبر پلوامہ وحید پرہ نے بے روزگاری کے حوالے سے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سے جواب طلب کر تے ہوئے ایوان میں جانکاری دی کہ جموںو کشمیر میں اس وقت بے روزگاری کی شرح 32فیصد ہے جوکہ اس وقت تک کی سب سے زیادہ بے روزگاری کی شرح ہے۔

سکینہ ایتو

صحت ، تعلیم اور سماجی بہبود کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ ریزرویشن کے حوالے سے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی طرف سے تشکیل دی گئی سب کمیٹی نے اپنی رپورٹ تیار کر لی ہے۔ اب اس معاملے کے ایل جی منوج سنہا کی منظوری درکار ہے۔ اس حوالے سے انہوں نے میڈیا سے کل بات کر تے ہوئے کہا۔

جھڑپ

گاندربل کے آرہامہ علاقے مینجاری جھڑپ کے دوران ایک دہشت پسند کو ہلاک کر دیا گیا ہے۔ فوج کی چنار کور نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ گذشتہ شام علاقے میں دہشت پسندوں کی موجودگی سے متعلق ایک مصدقہ اطلاع ملنے کے بعد فورسز نے علاقے کو محاصرے میں لے لیا جس دوران وہاں ایک جھڑپ ہوئی۔ جھڑپ میں ایک دہشت پسند کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کرتے ہوئے چنار کو رنے کہا ہے کہ علاقے میں ابھی بھی آپریشن جاری ہے۔ اس حوالے سے مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے متعلقہ محکموں کو تمام اضلاع میں آفاتِ سماوی کے انتظام، تخفیف اور خطرے میں کمی کے مختلف اجزا کے تحت مختص تین ہزار 340 کروڑ کی رقم کو موثر طریقے سے استعمال کرنے کی ہدایت دی ہے۔ روڑ میپ اور جاری اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کے چھ کلیدی Disaster Management چیف سیکریٹری نے پہلوو

، ریلیف اینڈ ریسپانس ، تعمیر نو پر توجہ مرکوز اور Risk Reduction سسٹم ، Early warning ں بشمولٔ ساختی نقطہ نظر کی ضرورت پر زور دیاہے ۔

ACB

اینٹی کرپشن بیورو نے فائر اینڈ ایمر جنسی سروسز ریکروٹمنٹ اور اس دوران مبینہ پیپر لیک کی افواہوں کو غلط اور بے بنیاد قرار دیتے کہا ہے کہ ابھی تک یہ معاملہ زیر تفتیش ہے اور متعلقہ حکام نے کسی پیپر لیک نے کہا ہے کہ خاص تعداد میں ACB کی کوئی بات نہیں کی ہے۔ ایک بیان میں ا

میدواروں کی نشاندہی جاری تحقیقاتی عمل کا حصہ ہے اور اس طرح کے اقدامات سے ثبوت ، شواہد کی بنیاد ± نے لوگوں خاص طور سے امیدواروں سے کہا ہے کہ وہ اس طرح کی افواہوں پر کان ACB پر کئے جاتے ہیں۔ دھرنے سے احتراز کریں اور سلسلے میں متعلقہ حکام کی جانب سے دی جانے والی اطلاعات کو ہی حتمی تصویر کیا جانا چاہئیے۔

سکول

ڈائریکٹوریٹ آف سکول ایجوکیشن کشمیر نے کشمیر ڈویژن کے سبھی سرکاری و نجی سکولوں کے اوقات کار میں تبدیلی کی ہے ۔

حکم نامے کے مطابق آج سے سرینگر میونسپل حدود کے تحت آنے والے سکولوں میں اوقاتِ کار صبح 9 بجے سے دن کے تین بجے تک ہوں گے جبکہ سرینگر میونسپل حدود سے باہر آنے والے سکولوں کے اوقاتِ کارصبح ساڑھے 9 بجے سے دن کے ساڑھے تین بجے تک مقرر کئے گئے ہےں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت7 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت17 اعشاریہ 2 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا.

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا .

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا .

خدا حافظ